06000166

# URDU

*Maximum Marks: 80*
*Time Allotted: Three Hours*
*Reading Time: Additional Fifteen Minutes*

## Instructions to Candidates

1. You are allowed an **additional fifteen minutes** for **only** reading the question paper.
2. You must **NOT** start writing during reading time.
3. This question paper has **11 printed pages and one blank page**.
4. It is divided into **two sections: Section A and Section B**.
5. It has **fifteen questions** in all.
6. **Section A** has **three questions.** All questions are compulsory.
7. While attempting **Multiple Choice Questions** in Section A, you are required to **write only ONE option as the answer**.
8. **Section B** has **twelve questions**. You are required to attempt **any four** questions in this section on **any three** out of the four prescribed textbooks.
9. The intended marks for questions are given in brackets [ ].

## Instruction to Supervising Examiner

1. Kindly read **aloud** the Instructions given above to all the candidates present in the examination hall.


*© Copyright reserved.*

## SECTION—A
## LANGUAGE - 40 MARKS

**Question 1**

Write a composition in approximately 400 words in **Urdu** on any **ONE** of the topics given below.

[15] مندرجہ ذیل موضوعات میں سے کسی ایک پر (تقریباً ۴۰۰ الفاظ پر مشتمل) اردو میں مضمون لکھئے۔

(i) کسی وجہ سے آپ کو اپنا پشتینی گھر چھوڑنا پڑا۔ گھر چھوڑنے کی وجہ اور اس وقت آپ کے دلی جذبات وخیالات کیا تھے؟ ایک تفصیلی مضمون رقم کیجیے۔

(ii) خواب دیکھنا ایک عام بات ہے۔ ہم سب بہت سے خواب دیکھتے ہیں۔ اپنا کوئی ایسا خواب بیان کیجیے جس کے لئے آپ نے صبح اٹھ کر دعا کی ہو کہ کاش میرا یہ خواب پورا ہو جائے۔

(iii) موبائل فون نے بچوں سے ان کا بچپن، کھیل کود اور معصومیت کو چھین لیا ہے۔ اس خیال کے موافق یا مخالف مدلّل رائے پیش کیجیے۔

(iv) ''سانچ کو آنچ نہیں'' اس مقولے کے متعلق اپنے خیالات بیان کیجیے۔

(v) کھیل ہماری تندرستی اور جسمانی نشوونما کے لئے ہی مفید نہیں بلکہ دماغی صحت کے لئے بھی فائدہ مند ہیں۔ اپنے خیالات کا اظہار کیجیے۔

(vi) دیئے گئے موضوعات میں سے کسی ایک پر طبع زاد (Original) کہانی تحریر کیجیے۔

(a) قومی یکجہتی ملک کی کامیابی میں سازگار ہے۔

(b) ایک بہت بڑا نقصان جو مجھے بہت کچھ سکھا گیا۔

**Question 2**

Read the passage given below carefully and answer the questions that follow, using your own words in **Urdu**.

مندرجہ ذیل عبارت کو بغور پڑھ کر نیچے لکھے سوالوں کے جواب اردو میں لکھئے۔

''پنڈت برج نرائن چکبستؔ اُردو کے ان شعراء میں ہیں، جنھوں نے بڑی مختصر زندگی پائی، لیکن اس مختصر زندگی میں وہ اُردو کے ادبی اُفق پر ایسے گہرے نقوش چھوڑ گئے کہ گزشتہ نصف صدی کے تغیرات اور انقلابات بھی انھیں دھندلا نہ سکے اور آج بھی وہ ادبی تاریخ میں ایک سنگِ میل کی حیثیت رکھتے ہیں۔

چکبستؔ ایک ایسے دور میں پیدا ہوئے جو ہر اعتبار سے تبدیلیوں کا دور تھا۔ ۱۸۵۷ء کی شکست اور اس کے بعد انگریزوں کے مخالفانہ رویّے کی وجہ سے نہ صرف یہ کہ عام ہندوستانی خوف زدہ تھا بلکہ پڑھا لکھا طبقہ بھی ہر قسم کے تصادم سے گریز کر رہا تھا۔ ان حالات میں ہندوستانی دانشوروں کے سامنے صرف ایک راہ تھی کہ آزادی کے لئے انقلاب کی راہ کے بجائے اصلاح کی راہ اختیار کی جائے اور اس طرح سماجی اصلاح اور جدید تعلیم کے ذریعہ وہ بیداری پیدا کی جائے جو حصولِ آزادی میں معاون ہو۔ اس لئے چکبستؔ کے عہد میں وہ تمام اصلاحی تحریکیں اپنے عروج پر نظر آتی ہیں، جو نئی تعلیم کو عام کرنے اور سماجی برائیوں کو دور کرنے کے سلسلے میں شروع ہوئی تھیں اور جو کچھ دنوں بعد نئی تحریکِ آزادی کے وجود میں آنے کا سبب بنیں۔

چکبستؔ کی شاعری میں اِس پس منظر کا بہت بڑا دخل رہا ہے۔ وہ کوئی سیاسی یا سماجی مفکر نہیں تھے، لیکن ایک اہلِ علم، شاعر، دردمند اور حسّاس انسان کی حیثیت سے ملک کی ترقی و آزادی اور عوام کی خوشحالی کے متمنی تھے۔ ان کا خیال تھا کہ اس وقت کے لوگوں اور خاص طور پر نوجوانوں کے دلوں میں حبّ الوطنی کے جذبے کو پیدا کرنے کی ضرورت ہے۔ دراصل وہ دَور دو انتہاؤں کا دَور تھا، جس کی ایک انتہا کو ہر طرح کی تبدیلی سے انکار تھا۔ جو لوگوں کو روایتی بندھنوں اور سماجی بندشوں سے نہیں نکلنے دے رہی تھی۔ جس کے لئے ہر پرانی چیز قابلِ احترام اور ہر روایت اور رسم مذہبی عقیدے کی طرح اہم تھی۔ دوسری انتہا اپنی چیزوں سے نفرت اور انگریزی رسم و رواج، زبان و لباس اور رہن سہن کی تقلید تھی اور اس زمانے کے مصلحین کو ان انتہاؤں کا نشانہ بننا پڑا تھا۔ خواہ وہ کشمیری پنڈتوں میں بشن نرائن در ہوں یا مسلمانوں میں سر سید احمد خاں۔ چکبستؔ کو بھی بعض اختلافات کا سامنا کرنا پڑا۔ شاید اسی لئے انھوں نے دوسرے مسائل کو چھوڑ کر حب الوطنی کو اپنا موضوعِ سخن بنایا جس میں اختلاف کی کوئی گنجائش نہیں تھی۔ ان کا خیال تھا کہ نئی نسل کے لوگوں کو یہ بتانے کی ضرورت ہے کہ ان کے ملک کا ماضی کیا تھا۔ وہ کتنی بڑی علمی، تہذیبی اور سماجی عظمتوں کے وارث ہیں اور کیوں آج گمنامی اور احساسِ کمتری میں مبتلا ہیں۔ اس کے بین السطور میں اگر دیکھیں تو اس میں ایک نئے انقلاب اور نئی تبدیلی کی خواہش پوشیدہ ملے گی۔ چکبستؔ کی شاعری کا مرکز ہی حب الوطنی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ ان کی نظمیں ہوں یا غزلیں، ان کے مرثیے ہوں یا طنزیہ شاعری سب میں توانائی اور دلکشی اسی سے پیدا ہوئی ہے اور یہ چکبستؔ کا کمالِ فن ہے کہ انھوں نے اس ایک رنگ سے نہ جانے کتنے دلکش اور دلفریب رنگ پیدا کر دیئے ہیں جو قوسِ قزح کی طرح ادب کے اُفق پر چمکتے نظر آتے ہیں۔

(i) انگریزوں کی غلامی سے آزادی کے لئے ہندوستانی دانشوروں نے کون سی راہ اختیار کرنے کو سوچا؟ [3]

(ii) ایک اہلِ علم، دردمند اور حسّاس انسان کی حیثیت سے چکبستؔ کیا چاہتے تھے؟ [3]

(iii) اس زمانے کے مصلحین کو کن دو انتہاؤں کا نشانہ بننا پڑا؟ [3]

(iv) ''گزشتہ نصف صدی کے تغیرات اور انقلابات بھی انھیں دھندلا نہ سکے''

(a) خط کشیدہ الفاظ کا مفہوم واضح کیجیے۔ [1]

(1) سو سال

(2) پچاس سال

(3) نَو سال

(4) نوّے سال

(b) کشمیری پنڈتوں میں کس کو اختلاف کا نشانہ بننا پڑا؟ [1]

(1) درگا سہائے سرور

(2) شیام کشن کول

(3) شیو نرائن بہار

(4) بشن نرائن در

(c) نئی نسل کے لوگوں کو کیا بتانے کی ضرورت ہے؟ [1]

(1) کہ وہ کس پارٹی کے وارث ہیں۔

(2) کہ وہ کتنی بڑی علمی تہذیبی عظمتوں کے وارث ہیں۔

(3) کہ وہ کن فلمی ہستیوں کے وارث ہیں۔

(4) کہ وہ کتنی حویلیوں اور جاگیروں کے وارث ہیں۔

(d) ''چکبست کی شاعری کا مرکز ہی..............ہے۔'' [1]

(1) عاشقی

(2) طنزیہ شاعری

(3) حب الوطنی

(4) مزاحیہ شاعری

(e) لفظ ''مصلحین'' کا واحد بتائیے۔ [1]

(1) مصلح

(2) مصالحہ

(3) مصلحہ

(4) مصلاح

(f) ''جو قوسِ قزح کی طرح ادب کے اُفق پر چمکتے نظر آتے ہیں''۔

خط کشیدہ الفاظ کے معنی بتائیے۔ [1]

(1) چاند تارے

(2) جھلمل ستارے

(3) سورج چاند

(4) دھنک

**Question 3**

**(A) Do as directed.**

دی گئی ہدایات کے مطابق جواب دیجئے۔

(i) جملے کو درست کر کے لکھو۔

''اُس قیدی کو کل عمر قید کی خوشخبری سنائی جائے گی''۔ [1]

(ii) خالی جگہ میں درست لفظ کو چن کر لکھیے۔ [1]

ایڈیٹر نے..........میں کانٹ چھانٹ کر دی۔

(a) درخت

(b) قلم

(c) کپڑے

(d) مضمون

[1] (iii) درست جملے کو پہچان کر لکھیے۔

(a) شہر کی زندگی دور سے دیکھنے پر پُر کشش نظر آتا ہے۔

(b) بہت سے لوگوں پیسہ کمانے کی دُھن میں شہر آتے ہیں۔

(c) بڑھتی ہوئی آبادی کے بہت سے اسباب ہیں۔

(d) آبادی بڑھنے سے بے روزگاری، مفلسی اور بھوک گھٹتی ہے۔

[1] (iv) نیچے لکھے جملوں میں سے غلط جملے کی نشاندہی کیجیے۔

(a) کھانا اتنا لذیز تھا کہ مہمان انگلیاں چاٹتے رہ گئے۔

(b) قلندروں کے نزدیک روپیہ پیسہ ہاتھ پیروں کا میل ہے۔

(c) صحت کی خرابی کے باعث وہ نوکری سے ہاتھ دھو بیٹھا۔

(d) اس بار میں چُپ نہیں رہوں گی۔

[1] (v) جملے میں خط کشیدہ لفظ کی جگہ درست لفظ چن کر لکھیے۔

''ہمارا بیٹا سرکش ہوتا جارہا ہے''۔

(a) باغی

(b) فرمابردار

(c) جاہل

(d) ظالم

**(B) Do as directed.**

دی گئی ہدایات کے مطابق محاوروں کا استعمال کیجیے۔

[1] (i) نیچے لکھے محاورے کو جملے میں استعمال کیجیے۔

گھاٹ گھاٹ کا پانی پینا

[1] (ii) محاورے کو درست کر کے لکھیے۔

ایک تو چوری اوپر سے ڈکیتی

(iii) جملے میں خالی جگہ کو پُر کرنے کے لئے درست محاورے کا انتخاب کیجئے۔ [1]

نالائق اولاد اپنے بزرگوں کے کارناموں پر............ ہے۔

(a) پانی پی پی کر کوسنا

(b) پانی پانی کر دینا

(c) پگڑی اچھالنا

(d) پانی پھیر دینا

(iv) نیچے لکھے جملے کے لئے درست محاورہ بتایئے۔ [1]

''عارف کے فیصلے پر بھروسہ نہیں کیا جا سکتا کیونکہ وہ اپنی بات پر قائم نہیں رہتا۔''

(a) گل چھرّے اڑانا

(b) گیدڑ بھبکی دینا

(c) گرگٹ کی طرح رنگ بدلنا

(d) بات بگاڑ دینا

(v) محاورے کے صحیح معنی کی نشاندہی کیجئے۔ [1]

''مٹھی گرم کرنا''

(a) آگ تاپنا

(b) گھونسہ مارنا

(c) ہتھیلی پر انگارہ رکھنا

(d) رشوت دینا

## SECTION—B
## LITERATURE—40 MARKS

*Answer **four** questions from this section on **any three** out of the prescribed textbooks.*

اس سیکشن سے چار سوالوں کے جواب دیں۔ اپنے نصاب کی کنہیں تین کتابوں میں سے ایک ایک جواب دینا ضروری ہے۔

### گنجینۂ ادب (حصہ نثر) (GANJEENA E ADAB)

**Question 4**

'' بیوی بچّوں کو پیٹ بھر روٹی کھلانے کے لئے مجھ جیسے معمولی کلرک کو اپنی بہت سی ضروریات ترک کرنا پڑتی ہیں اور انھیں جگر تک پہنچتی ہوئی سردی سے بچانے کے لئے خود موٹا جھوٹا پہننا پڑتا ہے۔''

(i) افسانہ ''گرم کوٹ'' میں مصنف راجندر سنگھ بیدی نے کس طبقے کے لوگوں کی ذہنی کشمکش کو بیان کیا ہے؟ [1]

(ii) مصنف کا کھویا ہوا دس کا نوٹ کہاں سے اور کیسے ملا؟ [2]

(iii) ٹیلر ماسٹر کی دکان دیکھ کر مصنف کے دل میں کیا خیال پیدا ہوتا ہے؟ [2]

(iv) مصنف نے فہرست میں بیوی اور بچّوں کے لئے کیا کیا سامان لکھا تھا اور آخر میں دس کا نوٹ کیسے خرچ کیا گیا؟ بیان کیجئے۔ [5]

**Question 5**

افسانہ ''جامن کا پیڑ'' میں کرشن چندر کیا پیغام دینا چاہتے ہیں؟ کہانی کی روشنی میں بیان کیجئے۔ [10]

**Question 6**

سبق ''تفریح'' سے حاصل ہونے والی نصیحت کا تذکرہ کرتے ہوئے کہانی کو تفصیل سے رقم کیجئے۔ [10]

## روحِ ادب (حصہ نظم) (ROOH E ADAB)

**Question 7**

پیامبر نہ میسر ہوا، تو خوب ہوا
زبانِ غیر سے کیا شرح آرزو کرتے
جو دیکھتے تیری زنجیرِ زلف کا عالم
اسیر ہونے کی آزاد آرزو کرتے

(i) مندرجہ بالا اشعار کس شاعر کی غزل کے ہیں؟ [1]

(ii) اس غزل کا مطلع تحریر کیجیے۔ [2]

(iii) خط کشیدہ الفاظ کے معنی لکھیے۔ [2]

(iv) اشعار کی تشریح مع سیاق وسباق کیجیے۔ [5]

**Question 8**

جناب اختر شیرانی کا مختصر تعارف بیان کرتے ہوئے ان کے کلام کی خصوصیات پر تبصرہ کیجیے۔ [10]

**Question 9**

نظم "گلزارِ وطن" کے شاعر کا نام بتاتے ہوئے اس کا خلاصہ اپنے الفاظ میں تحریر کیجیے۔ [10]

## ناول۔ مورتی (MOORTI)

**Question 10**

’’صاحب اِن لوگوں کے لئے کھانا لائے ہیں۔‘‘ خدمت گار نے مریضاؤں کی خاتون خدمت گار سے کہا۔ اس حصّے کا بھی کچھ ایسا ہی حال تھا، بلکہ شاید اس سے بھی بُرا۔

(i) مندرجہ بالا اقتباس میں کس جگہ کا ذکر ہے؟ [1]

(ii) صاحب سے مراد کون شخص ہے؟ وہ کس کے کہنے سے کہاں اور کیا کھانا لے کر گیا تھا؟ [2]

(iii) وہاں کیسے کیسے لوگ موجود تھے اور کس طرح کھانا کھا رہے تھے؟ [2]

(iv) عورتوں والے حصّے کا کیا حال تھا؟ وہاں سے آنے کے بعد اس شخص کے کیا تاثرات تھے؟ بیان کیجئے۔ [5]

**Question 11**

ملیحہ کس ہُنر میں ماہر تھی؟ اس نے فیصل کو اپنی کاریگری کے کون کون سے نمونے دکھائے؟ [10]

**Question 12**

ناول ’’مورتی‘‘ کے کسی ایک پسندیدہ کردار کے بارے میں تفصیل سے بتائیے اور وہ آپ کو کیوں پسند آیا؟ وجہ بھی تحریر کیجئے۔ [10]

## ڈرامہ۔ کھیتی (KHETI)

**Question 13**

’’نہیں صاحب میں کیسے مسند پر بیٹھ جاؤں۔ آپ میزبان ہیں۔ ہمارے چھوٹے سے جلسے کے صدر ہیں۔‘‘

(i) یہ مکالمہ کس نے کس کے متعلق کہا ہے؟ [1]

(ii) کس جگہ پر جلسہ منعقد کیا گیا تھا اور وہاں کون کون لوگ موجود تھے؟ [2]

(iii) صدر نے جلسے کا آغاز کن حالات کو بیان کر کے کیا؟ [2]

(iv) جلسے کے دوران کس اہم مسئلے پر گفتگو کی گئی؟ تفصیل سے رقم کیجئے۔ [5]

**Question 14**

ڈرامہ ''کھیتی'' کے دوسرے ایکٹ کے پہلے سین میں کیا واقعات رونما ہوئے؟ اپنے الفاظ میں تفصیل سے تحریر کیجئے۔ [10]

**Question 15**

ڈرامہ ''کھیتی'' میں حسام الدین کا کردار کس حد تک آپ کو درست لگتا ہے اور کیوں؟ کردار کی خصوصیات رقم کرتے ہوئے بتائیے۔
[10]